" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((إِذَا مَاتَ الْعَبْدُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ: صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ)) ❶

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب بندہ فوت ہو جاتا ہے تو اس سے اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے، سوائے تین اعمال کے: صدقہ جاریہ، وہ علم جس سے فائدہ اٹھایا جاتا ہو اور وہ نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے۔''

61 والد کے دوستوں سے اچھا تعلق

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ((إِنَّ مِنْ أَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةَ الرَّجُلِ أَهْلَ وُدِّ أَبِيهِ بَعْدَ أَنْ يُوَلِّيَ)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''یقیناً سب سے بڑی نیک سلوکی یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کی وفات کے بعد ان کے دوستوں کے میل جول رکھے۔''

62 گھر والوں کے ساتھ اچھا سلوک

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ، وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِي)) ❸

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے بہترین

❶ صحیح مسلم: 1631. ❷ صحیح مسلم: 2552.
❸ سنن الترمذی: 3895.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شخص وہی ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہو، اور میں اپنے گھر والوں کے لیے تم سب سے بہتر ہوں۔''

63 بیٹیوں کی اچھی پرورش اور تربیت

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ، يُؤْوِيهِنَّ وَيَكْفِيهِنَّ وَيَرْحَمُهُنَّ، فَقَدْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ)) فَقَالَ رَجُلٌ: وَثِنْتَيْنِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ((وَثِنْتَيْنِ)) [1]

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص کی تین بیٹیاں ہوں، وہ ان سے محبت کرے، ان کی ضروریات پوری کرے اور ان سے شفقت کرے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! اگر دو بیٹیاں ہوں تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر دو ہوں تب بھی۔''

64 صلہ رحمی کی فضیلت

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ، وَاَنْ يُنْسَاَ لَهُ فِي اَثَرِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ)) [2]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص

1. سلسلة الأحاديث الصحيحة: 1027.
2. صحيح البخاري: 2067 ـ صحيح مسلم: 2557.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہ پسند کرتا ہو کہ اس کے رزق میں فراخی کر دی جائے اور اس کی عمر بڑھا دی جائے، تو اسے صلہ رحمی کرنی چاہیے (یعنی رشتہ داروں سے اچھا تعلق رکھنا چاہیے)۔"

65 قطع رحمی کرنے کا گناہ

عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحِمٍ)) ❶

سیدنا جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: "قطع رحمی کرنے والا (یعنی رشتہ داری توڑنے والا) جنت میں داخل نہیں ہوگا۔"

66 صلہ رحمی کا حقیقی مفہوم

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ، وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِي إِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وہ شخص صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہوتا جو دوسرے رشتہ دار کے اچھا تعلق رکھنے پر ہی اس سے اچھا تعلق رکھے، بلکہ صلہ رحمی کرنے والا تو وہ ہوتا ہے کہ جس سے تعلق کو توڑا جائے لیکن وہ پھر بھی تعلق جوڑ کر رکھے۔"

---

❶ صحیح مسلم: 2556.

❷ صحیح البخاری: 5991.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

67 پڑوسی کا خاص خیال رکھیں

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ((لَيْسَ الْمُؤْمِنُ الَّذِي يَشْبَعُ وَجَارُهُ جَائِعٌ)) [1]

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''وہ شخص مومن نہیں ہے جو خود پیٹ بھر کر کھا لے اور اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔''

68 پڑوسی کو تکلیف دینے کی سزا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ)) [2]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ بندہ جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کی تکلیفوں سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔''

69 بیوہ اور مسکین کی خدمت کی فضیلت

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَلسَّاعِيْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمَسَاكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَكَالَّذِي يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ)) [3]

---

1. سلسلة الأحاديث الصحيحة: 149۔ صحيح الجامع الصغير: 5382.
2. صحيح مسلم: 46.
3. صحيح الأدب المفرد: 98.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیواؤں اور مسکینوں کی خدمت کرنے والا (اجر وثواب کے لحاظ سے) اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے جیسا ہے اور اس شخص جیسا ہے جو دِن کو روزہ رکھے اور رات کو قیام کرے۔''

70 یتیم کی کفالت کرنے کی فضیلت

عَنْ سَهْلٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ كَهَاتَيْنِ فِي الْجَنَّةِ)) ❶

سیدنا سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا، جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح (ایک ساتھ اکٹھے) ہوں گے۔''

71 ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان کے حقوق

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ: اِذَا لَقِيتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ، وَاِذَا دَعَاكَ فَاَجِبْهُ، وَاِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ، وَاِذَا عَطَسَ فَشَمِّتْهُ، وَاِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ، وَاِذَا مَاتَ فَاتْبَعْهُ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھے حقوق ہیں: جب تُو اسے ملے تو اسے سلام کہہ، جب وہ تیری دعوت کرے تو قبول کر، جب وہ تجھ سے خیر خواہی کا طلبگار ہو تو اس کی خیر خواہی کر، جب وہ چھینک مارے تو اس کا جواب دے، جب وہ بیمار ہو جائے تو اس کی

❶ سنن أبي داود: 5150.

❷ صحيح البخاري: 1240 ۔ صحيح مسلم: 2162.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تیمارداری کر اور جب وہ فوت ہو جائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو۔"

72 مسلمان بھائی سے ملنے کا انداز

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلِقٍ)) ❶

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ بھی نیکی ہی ہے کہ تو اپنے (مسلمان) بھائی کو خندہ پیشانی سے (یعنی مسکرا کر) ملے۔"

73 مسلمان سے ناراضی کا سخت گناہ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ فَيُغْفَرُ لِي ذَالِكَ الْيَوْمَيْنِ لِكُلِّ عَبْدٍ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا مَنْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَخِيهِ شَحْنَاءُ، فَيُقَالُ: ((أَنْظِرُوا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہر سوموار اور جمعرات کو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں تو ہر اس بندے کو بخش دیا جاتا ہے جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو، سوائے اس شخص کے جس کی اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ ناراضی ہو۔ ان کے متعلق (اللہ کی طرف سے) کہا جاتا ہے: انہیں مہلت دو (یعنی انہیں تب تک نہ بخشا جائے) جب تک یہ صلح نہ کر لیں۔"

---

❶ سنن الترمذي: 1970.

❷ سنن أبي داود: 4916.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

74 مسلمان سے ناراضی کی حد

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ، فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ)) [1]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کسی مسلمان کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ وہ اپنے (مسلمان) بھائی سے تین دن سے زیادہ (بول چال) چھوڑے رکھے، سو جو شخص تین دن سے زیادہ چھوڑتا ہے اور وہ (اسی حالت میں) مر جاتا ہے تو وہ جہنم میں جائے گا۔''

75 مسلمان بھائی کی عدم موجودگی میں دعا

عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَدْعُو لِاَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ، اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ: وَلَكَ بِمِثْلٍ)) [2]

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو بھی مسلمان بندہ اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں دعا کرتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے: تجھے بھی اسی کے مثل ملے۔''

76 مسلمان بھائی کی عزت کا دفاع

عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

[1] سنن أبي داود: 4914. [2] صحيح مسلم: 2732.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) ❶

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کی عزت کا دفاع کرتا ہے، اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اس کے چہرے کو (جہنم کی) آگ سے بچالے گا۔''

77 سب سے زیادہ فضیلت والے اعمال

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ أَنْ تُدْخِلَ عَلَى أَخِيكَ الْمُؤْمِنِ سُرُورًا أَوْ تَقْضِيَ عَنْهُ دَيْنًا أَوْ تُطْعِمَهُ خُبْزًا)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سب اعمال سے افضل عمل یہ ہے کہ آپ اپنے مومن بھائی کو خوش کر دیں، یا اس کا قرض چکا دیں، یا اسے روٹی کھلا دیں۔''

78 مسلمان سے ناراضی کی حد

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ)) ❸

---

❶ سنن الترمذی: 1931.

❷ صحیح الجامع الصغیر: 1096 ـ سلسلة الأحادیث الصحیحة: 1494.

❸ صحیح البخاری: 10ـ صحیح مسلم: 40.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مسلمان وہ شخص ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے (دوسرے تمام) مسلمان محفوظ ہوں۔''

79 کامل مومن بننے کا معیار

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ)) ❶

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی بھی تب تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے (مسلمان) بھائی کے لیے وہی کچھ پسند نہ کرنے لگے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔''

80 تحائف کا تبادلہ کیجیے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((تَهَادُوا تَحَابُّوا)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایک دوسرے کو تحائف دیا کرو، اس سے آپس میں محبت بڑھتی ہے۔''

81 لوگوں کا شکریہ ادا کیجیے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

❶ صحيح البخاری: 13 ـ صحيح مسلم: 45.

❷ الأدب المفرد للبخاری: 594ـ صحيح الجامع الصغير: 3004.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ)) [1]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”وہ شخص اللہ تعالیٰ کا شکر گزار نہیں ہو سکتا جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا۔“

82 خدمتِ خلق کی فضیلت

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَأَنْ أَمْشِيَ مَعَ أَخِي الْمُسْلِمِ فِي حَاجَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَعْتَكِفَ فِي الْمَسْجِدِ شَهْرًا)) [2]

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میں اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ اس کی ضرورت پوری کرنے کے لیے چلوں، یہ مجھے ایک مہینہ اعتکاف کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔“

83 مدد کریں، آسانی دیں اور پردہ ڈالیں

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ، مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ

1. سنن أبي داود: 4811.
2. صحيح الجامع الصغير: 176 ـ سلسلة الأحاديث الصحيحة: 906.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ)) [1]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے کسی مومن سے دُنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دُور کی تو اللہ تعالیٰ اس سے روزِ قیامت کی پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دُور کر دے گا، جس نے کسی تنگ دست کے لیے آسانی پیدا کی، اللہ تعالیٰ اس کے لیے دُنیا و آخرت میں آسانیاں پیدا فرما دے گا، جس نے کسی مسلمان (کے عیوب) کی پردہ پوشی کی اللہ تعالیٰ دُنیا و آخرت میں اس (کے عیبوں) پر پردہ ڈالے گا اور اللہ تعالیٰ تب تک بندے کی مدد کرتا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے (مسلمان) بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔''

84 چھوٹوں پر شفقت اور بڑوں کا ادب

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَيُوَقِّرْ كَبِيرَنَا)) [2]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کی اور ہمارے بڑوں کی عزت نہ کی۔''

85 رحم کرنے کی فضیلت

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((اَلرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ،

[1] صحیح مسلم: 2699. [2] سنن الترمذی: 1919.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ارْحَمُوا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ))❶

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''رحم کرنے والوں پر رحمان رحم فرماتا ہے، لہٰذا تم زمین والوں پر رحم کیا کرو؛ تم پر آسمان والا رحم فرمائے گا۔''

86 مریض کی عیادت کرنے کی فضیلت

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ أَتَى أَخَاهُ الْمُسْلِمَ عَائِداً، مَشَى فِي خِرَافَةِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَجْلِسَ، فَإِذَا جَلَسَ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ، فَإِنْ كَانَ غُدْوَةً صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُمْسِيَ، وَإِنْ كَانَ مَسَاءً صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُصْبِحَ))❷

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''جو شخص اپنے مسلمان بھائی کے پاس عیادت کی غرض سے آتا ہے تو وہ مریض کے پاس آکر بیٹھ جانے تک جنت کے پھل چنتا آتا ہے، پھر جب وہ بیٹھ جاتا ہے تو اس کو رحمت ڈھانپ لیتی ہے، اگر وہ صبح کے وقت عیادت کرے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور اگر شام کے وقت عیادت کرے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔''

---

❶ سنن أبي داود: 4941 ـ سنن الترمذي: 1924.

❷ سنن ابن ماجه: 1442.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

87 اچھے اخلاق کی فضیلت

عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((أَحَبُّ عِبَادِ اللهِ إِلَى اللهِ أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا)) ❶

سیدنا اُسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبت اس شخص سے ہوتی ہے جس کا اخلاق سب سے اچھا ہوتا ہے۔''

88 اچھی گفتگو کا اہتمام

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو بھی شخص اللہ تعالیٰ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے اچھی بات ہی کہنی چاہیے، یا پھر خاموش رہنا چاہیے۔''

89 فضول باتوں اور کاموں سے اجتناب

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

❶ صحيح الجامع الصغير: 179.

❷ صحيح البخاري: 6018۔ صحيح مسلم: 47.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ)) ❶

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی کے اسلام کا حسن اسی میں ہے کہ وہ فضول اور بے فائدہ باتوں کو ترک کر دے۔''

90 غیر مصدقہ بات سے اجتناب

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((كَفَى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ جو سنے اسے (بغیر تحقیق کے) آگے بیان کر دے۔''

91 تین بہت ہی پیاری نصیحتیں

عَنْ أَبِي أَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي وَأَوْجِزْ، قَالَ: ((إِذَا قُمْتَ فِي صَلَاتِكَ فَصَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ، وَلَا تَكَلَّمْ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْهُ، وَأَجْمِعِ الْيَأْسَ عَمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ)) ❸

سیدنا ابوایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: ''اے اللہ کے رسول! مجھے (دین کی باتیں) سکھایئے اور اختصار کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو نماز پڑھنے کھڑا ہو تو ایسے نماز پڑھ جیسے تو دُنیا

❶ سنن الترمذي: 2317۔ سنن ابن ماجه: 3976.

❷ صحيح مسلم: 5. ❸ سنن ابن ماجه: 4171.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے رخصت ہونے والا ہے، کوئی ایسی بات نہ کہہ جس سے (بعد میں) معذرت کرنا پڑے اور لوگوں کے ہاتھوں میں جو کچھ ہے اس سے پوری طرح نا اُمید ہو جا (یعنی لوگوں کے مال واسباب پر نظر نہ رکھ)۔"

92 ہر واقف و ناواقف کو سلام کیجیے

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الإِسْلَامِ خَيْرٌ؟ قَالَ: ((تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ)) ❶

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: "اسلام کا کون سا کام بہتر ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو (حاجت مندوں کو) کھانا کھلا اور ہر واقف اور ناواقف شخص کو سلام کہہ۔"

93 سلام میں پہل کی فضیلت

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِاللهِ مَنْ بَدَأَهُمْ بِالسَّلَامِ)) ❷

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یقیناً لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو انہیں سلام کہنے میں پہل کرے۔"

94 باہم محبت پیدا کرنے کا عمل

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

❶ صحيح البخاري: 12۔ صحيح مسلم: 39.
❷ سنن أبي داود: 5197.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَا تَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوا، وَلَا تُؤْمِنُوا حَتّٰى تَحَابُّوا، اَوَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى شَيْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ؟ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ)) ❶

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”تم جنت میں اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتے جب تک مومن نہ بن جاؤ اور تب تک (کامل) مومن نہیں بن سکتے جب تک ایک دوسرے سے محبت نہ کرنے لگ جاؤ۔ کیا میں تمہیں ایسا عمل نہ بتاؤں جسے کرنے سے تم ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو گے؟ (وہ عمل یہ ہے کہ) آپس میں سلام کو خوب پھیلاؤ۔“

95 مصافحہ کرنے کا ثواب

عَنِ الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ اَنْ يَفْتَرِقَا)) ❷

سیدنا براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جو بھی دو مسلمان ملاقات کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے پہلے انہیں بخش دیا جاتا ہے۔“

96 منافق کی چار علامات

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا،

❶ صحيح مسلم: 54. ❷ سنن أبي داود: 5212.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَمَنْ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا، إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ)) ❶

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''چار خصلتیں ایسی ہیں کہ وہ جس میں بھی پائی جائیں گی وہ پکا منافق ہوگا، اور جس میں ان میں سے کوئی ایک خصلت پائی جائے گی تو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی، جب تک کہ وہ اسے چھوڑ نہیں دیتا، (وہ یہ ہیں:) جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب معاہدہ کرے تو دھوکہ دے، جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے اور جب جھگڑا کرے تو بدزبانی کرے۔''

97 سچ کا اہتمام اور جھوٹ سے اجتناب

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، إِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ، فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ)) ❷

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سچ بولنا اپنے اوپر لازم کرلو، کیونکہ سچ نیکی کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور نیکی جنت کی راہ دِکھاتی ہے، جھوٹ سے بچنا بھی اپنے اوپر لازم کرلو، کیونکہ جھوٹ گناہ کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور گناہ جہنم کی راہ دِکھاتا ہے۔''

❶ صحیح البخاری: 34۔ صحیح مسلم: 58.

❷ صحیح البخاری: 6094۔ صحیح مسلم: 2607.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

98 ہنسانے کے لیے جھوٹ بولنے کا انجام

عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ((وَيْلٌ لِلَّذِي يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ، وَيْلٌ لَهُ وَيْلٌ لَهُ)) ❶

سیدنا بہز بن حکیم کہتے ہیں: مجھ سے میرے والد نے بیان کیا کہ میرے والد نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''اس شخص کے لیے ہلاکت اور بربادی ہے جو لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولتا ہے، اس کے لیے تباہی ہے، اس کے لیے بربادی ہے۔''

99 زیادہ ہنسنے سے اجتناب کا حکم

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((أَقِلَّ الضَّحِكَ، فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تھوڑا ہنسا کر، اس لیے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے۔''

100 سرگوشی کرنے کی ممانعت

عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

❶ سنن أبي داود: 4990 ـ سنن الترمذي: 2315.

❷ سنن ابن ماجه: 4217.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِمَا، فَإِنَّ ذَالِكَ يُحْزِنُهُ)) [1]

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم تین آدمی ہو تو دو آدمی اپنے (تیسرے) ساتھی کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں، اس لیے کہ یہ بات اسے پریشان کردے گی (کہ کہیں یہ میرے متعلق بات تو نہیں کر رہے؟)''

101 غیبت کرنے کی سزا

عَنْ أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَبْرَيْنِ فَقَالَ: ((إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِي كَبِيرٍ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَيُعَذَّبُ فِي الْبَوْلِ وَأَمَّا الْآخَرُ فَيُعَذَّبُ فِي الْغِيبَةِ)) [2]

سیدنا ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے تو فرمایا: ''بلاشبہ ان دونوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور کسی بڑے معاملے میں عذاب نہیں دیا جا رہا (کہ جس سے بچنا بہت مشکل تھا)، ان میں سے ایک کو پیشاب (کے چھینٹوں سے نہ بچنے) کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے اور دوسرے کو غیبت کرنے کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے۔''

102 غیبت کسے کہتے ہیں؟

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

[1] صحيح البخاري: 6290 ـ صحيح مسلم: 2184.

[2] سنن ابن ماجه: 349.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((أَتَدْرُونَ مَا الْغِيبَةُ؟)) قَالُوا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: ((ذِكْرُكَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ)) قِيلَ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا أَقُولُ؟ قَالَ: ((إِنْ كَانَ فِيهِ مَا تَقُولُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ فَقَدْ بَهَتَّهُ)) [1]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (غیبت یہ ہے کہ) تم اپنے بھائی کی ایسی بات کرو جسے وہ پسند نہ کرتا ہو۔ پوچھا گیا: اگر وہ بات میرے بھائی میں موجود ہو جو میں بیان کروں، تو پھر آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ بات اس میں موجود ہو جو تم نے کہہ رہے ہو تو تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ اس میں موجود نہ ہو تو تم نے اس پر بہتان لگایا ہے۔''

103 چغل خوری سے اجتناب

عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ)) [2]

سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

104 بدگمانی کی مذمت

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

[1] صحیح مسلم: 2589۔ [2] صحیح البخاری: 6056۔ صحیح مسلم: 105۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيثِ)) ❶

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "گمان کرنے سے بچو، کیونکہ گمان سب سے جھوٹی بات ہے۔"

105 دو غلے پن سے اجتناب

عَنْ عَمَّارٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ كَانَ لَهُ وَجْهَانِ فِي الدُّنْيَا، كَانَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ)) ❷

سیدنا عمار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص دنیا میں دوغلا ہوگا، قیامت کے دن اس کو آگ کی دو زبانیں لگائی جائیں گی۔"

106 لعن طعن کرنے سے گریز

عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيءِ.)) ❸

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مومن نہ تو طعنے دیتا ہے اور نہ ہی لعنت کرتا ہے، نہ فحش گفتگو کرتا ہے اور نہ ہی زبان درازی کرتا ہے۔"

---

❶ صحيح البخاری: 6066۔ صحيح مسلم: 2563.

❷ سنن أبي داود: 4873.

❸ سنن الترمذی: 1977.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

107 لوگوں کے عیب تلاش کرنے کی سزا

عَنْ اَبِي بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِينَ وَلَا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَاِنَّهُ مَنِ اتَّبَعَ عَوْرَاتِهِمْ يَتَّبِعُ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ، وَمَنْ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ فِي بَيْتِهِ)) ❶

سیدنا ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمانوں کی غیبت نہ کیا کرو اور نہ ہی ان کے عیبوں کے پیچھے پڑا کرو، کیونکہ جو شخص لوگوں کے عیبوں کے پیچھے پڑتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے عیبوں کے پیچھے پڑ جاتا ہے اور جس کے عیبوں کے پیچھے اللہ تعالیٰ پڑ جائے، اس کو گھر کے اندر بھی رُسوا کر دے گا۔''

108 گالی دینے کا گناہ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ)) ❷

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان کو گالی دینا گناہ اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔''

109 گالی کا گناہ کس پر ہوگا؟

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

❶ سنن أبي داود: 4880.

❷ صحيح البخاري: 48 ـ صحيح مسلم: 64.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَلْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِئِ، مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ)) ❶

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آپس میں گالی گلوچ کرنے والے جو بھی کہیں اس کا گناہ پہل کرنے والے پر ہی ہوتا ہے، جب تک کہ مظلوم زیادتی نہ کرے۔''

110 حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا نہ کریں

عَنْ اَبِي اُمَامَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((اَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ يَتْرُكُ الْمِرَاءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا، وَبِبَيْتٍ فِي اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسُنَ خُلُقُهُ)) ❷

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں اس شخص کے لیے جنت کے ایک گوشے میں بنے گھر کی ضمانت دیتا ہوں جو حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے، اور درمیانِ جنت (میں قائم گھر) کی اسے ضمانت دیتا ہوں جو مزاح میں بھی جھوٹ بولنا چھوڑ دے اور جنت کے اعلیٰ درجے میں تعمیر گھر کی اسے ضمانت دیتا ہوں جس کا اخلاق اچھا ہو۔''

111 ناجائز جھگڑے میں مدد کرنے کا انجام

عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

❶ صحيح مسلم: 2587. ❷ سنن أبي داود: 4800.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ اَعَانَ عَلٰی خُصُومَةٍ بِظُلْمٍ لَمْ يَزَلْ فِي سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ)) ❶

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص ناحق اور ناجائز طور پر کسی لڑائی جھگڑے میں مدد کرتا ہے، وہ تب تک اللہ کی ناراضی میں ہی رہتا ہے جب تک اس سے باز نہیں آجاتا۔''

112 غصہ نہ کرنے کی فضیلت

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ دُلَّنِي عَلٰى عَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، قَالَ: ((لَا تَغْضَبْ وَلَكَ الْجَنَّةُ)) ❷

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: ''اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسا عمل بتایئے جو مجھے جنت میں داخل کردے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر، تجھے جنت مل جائے گی۔''

113 غصہ ختم کرنے کا طریقہ

عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا: ((إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ، فَإِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَإِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ)) ❸

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: ''جب تم میں سے کسی شخص کو غصہ آئے اور وہ کھڑا ہو تو اسے بیٹھ جانا چاہیے، پھر اگر اس سے

❶ صحيح الجامع الصغير: 6049. ❷ المعجم الأوسط: 2353.
❸ سنن أبي داود: 4782.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

غصہ چلا جائے تو (ٹھیک ہے) اور اگر پھر بھی ختم نہ ہو تو لیٹ جائے۔"

114 غصہ ختم کرنے کی دعا

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِنِّي لَأَعْرِفُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ)) ❶

سیدنا سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر وہ اسے (غصے کے وقت) پڑھ لے گا تو اس کا غصہ جاتا رہے گا، (وہ کلمہ یہ ہے:) أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ "میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔"

115 ایک ہی غلطی دوبارہ کرنے سے گریز

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ((لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "مومن ایک ہی سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔"

116 بری عادات کو اپنانے کی ممانعت

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

❶ صحيح البخاري: 3282 ـ صحيح مسلم: 2610.

❷ صحيح البخاري: 6133 ـ صحيح مسلم: 2998.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَا تَحَسَّسُوا، وَلَا تَجَسَّسُوا، وَلَا تَنَافَسُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَدَابَرُوا)) ❶

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ٹوہ نہ لگاؤ، جاسوسی مت کرو، مال و دولت کا مقابلہ نہ کرو، ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، آپس میں بغض نہ رکھو اور ایک دوسرے سے رُوگردانی نہ کرو۔''

117 عاجزی وانکساری کی فضیلت

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص بھی اللہ کے لیے جھک جاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بلندی عطا فرما دیتا ہے۔''

118 تکبر کا انجام

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ)) ❸

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔''

---

❶ صحیح مسلم: 2563.

❷ صحیح مسلم: 2588.

❸ صحیح مسلم: 91.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

119 خیانت، قرض اور تکبر سے اجتناب

عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ فَارَقَ الرُّوحُ الْجَسَدَ وَهُوَ بَرِيءٌ مِنْ ثَلَاثٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ: اَلْغُلُولُ وَالدَّيْنُ وَالْكِبْرُ)) ❶

سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس جسم سے رُوح اس حالت میں نکلی کہ وہ تین چیزوں (یعنی) خیانت، قرض اور تکبر سے بری تھا، تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

120 قسم صرف اللہ کے نام کی اُٹھائیں

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ((مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ أَشْرَكَ)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''جس نے اللہ کے علاوہ کسی اور کی قسم اُٹھائی، یقیناً اس نے شرک کیا۔''

121 کھانا کھانے کے آداب

عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ أَطْعَمُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَتْ يَدِي تَطِيشُ فِي

❶ صحيح الترغيب والترهيب: 1798.

❷ سنن أبي داود: 3251.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْقَصْعَةِ، فَقَالَ: ((يَا غُلَامُ سَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ)) ❶

سیدنا عمرو بن ابو سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا کھا رہا تھا اور میرا ہاتھ برتن میں گھوم رہا تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے بچے! بِسمِ اللّٰہ پڑھ، اپنے دائیں ہاتھ سے اور اپنے سامنے سے کھا۔''

122 دائیں ہاتھ سے کھانا اور پینا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ، وَإِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کھائے تو اسے اپنے دائیں ہاتھ سے کھانا چاہیے اور جب کوئی پیے تو اسے پینا بھی دائیں ہاتھ سے ہی چاہیے، کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور پیتا ہے۔''

123 مل جل کر کھانا کھائیں

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِنَّ أَحَبَّ الطَّعَامِ إِلَى اللّٰهِ مَا كَثُرَتْ

❶ صحيح البخاري: 5376 ـ صحيح مسلم: 2022.

❷ صحيح مسلم: 2020.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ الْاَيْدِیْ)) ❶

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ کو وہ کھانا سب سے زیادہ پسند ہوتا ہے جس پر زیادہ ہاتھ جمع ہوں (یعنی جو کھانا سب مل جل کر کھا رہے ہوں)۔''

124 کھانے کے بعد اللہ کا شکر ادا کیجیے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ)) ❷

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کھا کر شکر ادا کرنے والا (اجر و ثواب کے لحاظ سے) روزہ رکھ کر صبر کرنے والے جیسا ہے۔''

125 ہر کام دائیں جانب سے شروع کریں

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعْجِبُهُ التَّیَمُّنُ فِیْ تَنَعُّلِهٖ وَتَرَجُّلِهٖ وَطُهُوْرِهٖ وَفِیْ شَأْنِهٖ كُلِّهٖ. ❸

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جوتا پہننے، کنگھی کرنے، پاک ہونے بلکہ اپنے ہر کام میں دائیں طرف (سے ابتدا کرنا) پسند ہوتا تھا۔

---

❶ صحیح الجامع الصغیر: 171.

❷ سنن الترمذی: 2486۔ سنن ابن ماجه: 1764.

❸ صحیح البخاری: 163۔ صحیح مسلم: 395.

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

126 راستہ صاف کرنے کی فضیلت

عَنْ أَبِي بَرْزَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، قَالَ: ((أَمِطِ الْأَذَى عَنْ طَرِيقِ النَّاسِ)) ❶

سیدنا ابو برزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کہا: ''اے اللہ کے رسول! کسی ایسے عمل پر میری راہنمائی کیجیے جو مجھے جنت میں داخل کر دے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دیا کر۔''

127 شرم وحیا کی اہمیت

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((اَلْحَيَاءُ وَالْإِيْمَانُ قُرِنَا جَمِيْعاً، فَإِذَا رُفِعَ أَحَدُهُمَا رُفِعَ الْآخَرُ)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حیا اور ایمان دونوں اکٹھے ملے ہوئے ہیں، چنانچہ جب ان دونوں میں سے ایک کو ختم کیا جاتا ہے تو دوسرے کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے۔''

128 بے حیائی سے اللہ کو نفرت ہے

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

❶ صحيح الأدب المفرد: 168.

❷ صحيح الجامع الصغير: 1603.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((إِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيَّ.)) ❶

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''بلاشبہ اللہ تعالیٰ بے حیا اور بدزبان شخص سے نفرت کرتا ہے۔''

129 زبان اور شرم گاہ کا جائز استعمال

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ يَضْمَنْ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ)) ❷

سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص مجھے دو جبڑوں کے درمیان والی چیز (یعنی زبان) اور دو ٹانگوں کے درمیان والی چیز (یعنی شرمگاہ کے جائز استعمال) کی ضمانت دے، میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

130 اپنا کردار پاکیزہ رکھیں

عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَأَنْ يُطْعَنَ فِي رَأْسِ رَجُلٍ بِمِخْيَطٍ مِنْ حَدِيدٍ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ تَمَسَّهُ امْرَأَةٌ لَا تَحِلُّ لَهُ)) ❸

❶ صحیح الجامع الصغیر: 1817.
❷ صحیح البخاری: 6474.
❸ صحیح الجامع الصغیر: 5045.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سیدنا معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یقیناً تم میں کسی شخص کے سر میں لوہے کی کیل ٹھونک دی جائے، یہ اس کے لیے کسی ایسی عورت کو چھونے سے بہتر ہے جو اس کے لیے حلال نہ ہو۔''

131 نشہ آور چیز حرام ہے

عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ)) ❶

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''نشہ دینے والی ہر چیز حرام ہے۔''

132 مسلمان پر اسلحہ اٹھانے کی ممانعت

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے ہم (مسلمانوں) پر ہتھیار اُٹھایا وہ ہم میں سے نہیں۔''

133 مشکوک اور مشتبہ امور سے اجتناب

عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ،

❶ صحيح البخارى: 4343۔ صحيح مسلم: 1733.

❷ صحيح البخارى: 6874۔ صحيح مسلم: 98.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

فَإِنَّ الصِّدْقَ طُمَأْنِينَةٌ وَإِنَّ الْكَذِبَ رِيبَةٌ)) [1]

سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات یاد کی کہ مشکوک اور مشتبہ چیز کو چھوڑ کر اسے اپناؤ جو مشکوک اور مشتبہ نہ ہو۔ سچائی میں اطمینان ہوتا ہے جبکہ جھوٹ میں قلق اور بے چینی ہوتی ہے۔

134 حرام کمائی کا انجام

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((كُلُّ جَسَدٍ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ فَالنَّارُ أَوْلَى بِهِ)) [2]

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ہر وہ جسم جس نے حرام سے پرورش پائی، وہ جہنم کا زیادہ حق دار ہے۔“

135 کسی کا حق مارنے کی سزا

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ فَقَدْ أَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ)) [3]

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو شخص قسم اٹھا کر کسی مسلمان بندے کا حق دباتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم کی آگ واجب قرار دے دیتا ہے اور اس پر جنت کو حرام کر دیتا ہے۔“

---

[1] سنن الترمذي: 2518.

[2] صحيح الجامع الصغير: 4519.

[3] صحيح مسلم: 137.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

136 ناحق ایک بھی لقمہ کھانے کی سزا

عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ أَكَلَ بِمُسْلِمٍ أُكْلَةً فَإِنَّ اللهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ)) ❶

سیدنا مستورد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص کسی مسلمان کا ایک نوالہ کھائے گا، اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے ویسا ہی نوالہ کھلائے گا۔''

137 جعل سازی، چالاکی اور دھوکے کا انجام

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا، وَالْمَكْرُ وَالْخِدَاعُ فِي النَّارِ)) ❷

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے ہم (مسلمانوں) سے جعل سازی کی وہ ہم میں سے نہیں، چالاکی اور دھوکہ (کرنے والا) جہنم میں ہوگا۔''

138 مزدور کو بروقت اجرت دینے کا حکم

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((أَعْطُوا الْأَجِيرَ أَجْرَهُ قَبْلَ أَنْ يَجِفَّ

❶ صحيح الأدب المفرد: 179.

❷ صحيح الجامع الصغير: 6408.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَرَقُهُ)) ❶

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ہی اس کی اجرت دے دیا کرو۔“

139 مظلوم کی بد دعا سے بچو

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ مُسْتَجَابَةٌ وَاِنْ كَانَ فَاجِرًا، فَفُجُورُهُ عَلٰى نَفْسِهِ)) ❷

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مظلوم کی دعا قبول کی جاتی ہے، اگرچہ وہ گناہ گار ہی ہو، کیونکہ اس کے گناہ کا اسی کو ہی نقصان ہوتا ہے۔“

140 رشوت خور پر لعنت

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الرَّاشِي وَالْمُرْتَشِي ❸

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رشوت لینے اور دینے والے (دونوں) پر لعنت فرمائی ہے۔

141 جائز سفارش کرنا اجر وثواب کا باعث

عَنْ اَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

❶ سنن ابن ماجه: 2443. ❷ مسند أحمد: 8795.

❸ سنن أبي داود: 3580 ـ سنن الترمذي: 1337.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَهُ السَّائِلُ أَوْ طُلِبَتْ إِلَيْهِ حَاجَةٌ، قَالَ: ((اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا)) ❶

سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب کوئی سائل آتا یا آپ سے کسی کام کی درخواست کی جاتی تو آپ فرماتے: ”سفارش کر دیا کرو، تمہیں اس پر بھی اجر ملے گا۔“

142 دنیا اور دُنیا داروں سے بے رغبتی

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((ازْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبَّكَ اللهُ، وَازْهَدْ فِيمَا فِي أَيْدِي النَّاسِ يُحِبُّكَ النَّاسُ)) ❷

سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”دنیا سے بے رغبت ہو جاؤ؛ تم سے اللہ محبت فرمانے لگے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس موجود ہے اس سے بے نیاز ہو جاؤ؛ تم سے لوگ محبت کرنے لگیں گے۔“

143 کفایت اور قناعت اختیار کریں

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ، وَرُزِقَ كَفَافًا، وَقَنَّعَهُ اللهُ بِمَا آتَاهُ)) ❸

سیدنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

❶ صحيح البخاري: 1432. ❷ سنن ابن ماجه: 4102.
❸ صحيح مسلم: 1054.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

”یقیناً اس شخص نے فلاح وکامیابی پالی جس نے اسلام قبول کیا، ضرورت کے مطابق اسے رزق مل گیا اور اللہ کے دیے پر اس نے قناعت اختیار کر لی۔“

144 اپنے سے اُوپر نہیں؛ نیچے دیکھیں

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((أُنْظُرُوا إِلَى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْكُمْ، وَلَا تَنْظُرُوا إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ، فَإِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرُوا نِعْمَةَ اللهِ)) [1]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”(دُنیاداری اور مال ودولت کے معاملے میں) اس کو دیکھو جو تم سے نیچے ہے، اسے نہ دیکھو جو تم سے اوپر ہے، اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ تم (اپنے پاس موجود) اللہ کی کسی بھی نعمت کو حقیر نہیں جانو گے۔“

145 اللہ تعالیٰ پر توکل اور بھروسہ

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((لَوْ اَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُونَ عَلَى اللهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُو خِمَاصًا وَتَرُوحُ بِطَانًا)) [2]

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اگر تم اللہ تعالیٰ پر اس طرح توکل کرنے لگو جس طرح توکل کرنے کا حق ہے تو اللہ تمہیں اس طرح رزق سے نوازے گا جس طرح وہ پرندے کو رزق عطا فرماتا ہے کہ وہ صبح

[1] سنن الترمذی: 2513۔ سنن ابن ماجہ: 4142.

[2] سنن الترمذی: 2344۔ سنن ابن ماجہ: 4164.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

سویرے بھوکے پیٹ نکلتا ہے اور شام کو پیٹ بھر کر لوٹتا ہے۔"

146 مانگنے والے کے لیے سخت وعید

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْأَلُ النَّاسَ حَتَّى يَأْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيْسَ فِي وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ)) ❶

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص (لوگوں سے) مانگتا ہی رہتا ہے، حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ سے جا ملتا ہے تو (روزِ قیامت) اس کے چہرے پر گوشت کا کوئی ٹکڑا نہیں ہوگا۔"

147 صحت اور فراغت دو عظیم نعمتیں

عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ: اَلصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ)) ❷

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دو نعمتیں ایسی ہیں کہ جن (سے فائدہ اٹھانے) میں بہت سے لوگ دھوکے میں ہیں: صحت اور فراغت۔"

148 اچھے اعمال کے بدلے جنت کی ضمانت

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى

❶ صحیح البخاری: 1427۔ صحیح مسلم: 1033.

❷ صحیح البخاری: 6412.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ((اُكْفُلُوا لِي بِسِتٍّ اَكْفُلْ لَكُمُ الْجَنَّةَ: إِذَا حَدَّثَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَكْذِبْ، وَإِذَا وَعَدَ فَلَا يُخْلِفْ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ فَلَا يَخُنْ، وَغُضُّوا اَبْصَارَكُمْ، وَاحْفَظُوا فُرُوجَكُمْ، وَكُفُّوا اَيْدِيَكُمْ)) ❶

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم مجھے ان چھ اعمال کی ضمانت دے دو؛ میں تمہیں جنت کی ضمانت دے دوں گا: ❶ جب تم میں سے کوئی بات کرے تو جھوٹ نہ بولے ❷ جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی نہ کرے ❸ جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت نہ کرے ❹ اپنی نگاہیں جھکا کر رکھو ❺ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو (یعنی ان کا ناجائز استعمال نہ کرو) ❻ اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو (یعنی لوگوں کو تکلیف مت دو)۔''

149 جنت کا سوال اور جہنم سے پناہ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتِ الْجَنَّةُ: اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتِ النَّارُ: اَللّٰهُمَّ اَجِرْهُ مِنَ النَّارِ)) ❷

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص تین مرتبہ اللہ تعالیٰ سے جنت کا سوال کرتا ہے تو جنت کہتی ہے: اے اللہ! اس کو

---

❶ المعجم الكبير: 8018.

❷ سنن الترمذی: 2572 ۔ سنن النسائی: 5521.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جنت میں داخل کر دے۔ اور جو شخص تین مرتبہ جہنم سے پناہ مانگتا ہے تو جہنم کہتی ہے: اے اللہ! اس کو جہنم سے بچا لے۔"

150 آخری وقت میں کلمہ پڑھنے کی فضیلت

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ)) ❶

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس شخص کی آخری کلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ہوگی؛ وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

❶ سنن أبي داود: 3116.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دوسرا حصہ

مسنون دعائیں اور اذکار



1 بیدار ہونے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ. ❶

”تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے موت (نیند) دینے کے بعد زندہ (بیدار) کیا اور اسی کی طرف اُٹھ کر جانا ہے۔“

2 بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ. ❷

”اللہ کے نام کے ساتھ۔ اے اللہ! میں ناپاک جنوں اور ناپاک جننیوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔“

---

❶ صحیح بخاری: 6312 ـ صحیح مسلم: 2711.

❷ صحیح البخاری: 142 ـ صحیح مسلم: 375 اور شروع میں بسم اللہ کے الفاظ مصنف ابن أبی شیبۃ: 5 میں مذکور ہیں۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

3 بیت الخلا سے نکلنے کی دعا

غُفْرَانَكَ. ❶

”(اے اللہ!) میں تیری بخشش چاہتا ہوں۔“

4 وضوء سے پہلے اور بعد کی دعا

وضوء سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھیں۔ ❷

اور وضو کرنے کے بعد یہ کلمات پڑھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو بھی شخص اچھی طرح کامل وضو کرے اور پھر یہ پڑھے تو اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں، وہ جس دروازے سے چاہے گا داخل ہو جائے گا

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ. ❸

”میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا و لاشریک ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔“

5 گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ. ❹

”اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، کسی برائی سے بچنے کی طاقت

---

❶ سنن أبي داود: 30 ـ سنن الترمذي: 7 ـ سنن ابن ماجه: 300.

❷ سنن أبي داود: 101 ـ سنن ابن ماجه: 397.

❸ صحيح مسلم: 234.

❹ سنن أبي داود: 5095 ـ سنن الترمذي: 3426.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

اور کسی بھلائی کے حصول کی قوت اللہ کی توفیق کے بغیر ممکن نہیں ہے۔"

6 گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا.[1]

"اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے، اللہ کے نام کے ساتھ ہی نکلے اور اللہ پر ہی ہم نے توکل کیا، جو ہمارا پروردگار ہے۔"

7 مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ.[2]

"اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

8 مسجد سے نکلنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ.[3]

"اے اللہ! یقیناً میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔"

9 اذان کا جواب اور بعد کی دعا

1: مؤذن جب اذان کہہ رہا ہو تو سننے والے کو اس کا جواب ویسے ہی دینا چاہیے جیسے مؤذن بول رہا ہو، البتہ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہے۔[4]

---

1. سنن أبي داود: 5096.
2. سنن أبي داود: 465 ـ سنن النسائي: 729.
3. سنن أبي داود: 465 ـ سنن ابن ماجه: 773.
4. صحيح البخاري: 613 ـ صحيح مسلم: 385.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2: اذان کا جواب دینے کے بعد نبی کریم ﷺ پر درود پڑھیں۔ [1]

3: اس کے بعد یہ دعا پڑھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اذان سن کر یہ دُعا پڑھتا ہے تو اس کے لیے روزِ قیامت میری شفاعت حلال ہو جائے گی:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّداً الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَاماً مَّحْمُوداً الَّذِیْ وَعَدْتَهُ. [2]

"اے اللہ! اس کامل پکار اور قائم نماز کے رب! محمد (ﷺ) کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما، اور انہیں اس مقامِ محمود پر مبعوث فرما جس کا تو نے اس سے وعدہ کیا ہے۔"

10 نماز کی دعائیں

1: اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہنے کے بعد سب سے پہلے درج ذیل دعاؤں میں سے کوئی ایک یا دونوں پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِی وَبَيْنَ خَطَايَایَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰهُمَّ نَقِّنِی مِنْ خَطَايَایَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰهُمَّ اغْسِلْنِی مِنْ خَطَايَایَ بِالثَّلْجِ وَالْمَاءِ وَالْبَرَدِ. [3]

"اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان دُوری ڈال دے جس طرح تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان دُوری ڈالی ہے۔ اے اللہ! مجھے گناہوں سے پاک صاف کر دے جس طرح سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کر دیا جاتا ہے۔ اے اللہ! میرے گناہوں کو برف، پانی اور اولوں سے دھو ڈال۔"

1 صحيح مسلم: 384۔ 2 صحيح البخاري: 614۔

3 صحيح البخاري: 744۔ صحيح مسلم: 1354۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ. ❶

''اے اللہ! تو نہایت پاک ہے، اپنی تعریف کے ساتھ، تیرا نام برکت والا ہے، تیری شان بڑی بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔''

2: اس کے بعد سورۃ الفاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی سی سورت ملا کر پڑھیں۔

3: پھر رکوع میں جاتے ہوئے اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہیں اور رکوع میں کم از کم تین مرتبہ یہ پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ. ❷

''میرا ربِ عظیم نہایت پاک ہے۔''

4: رکوع سے سر اُٹھاتے ہوئے یہ کہیں:

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ. ❸

''اللہ تعالیٰ نے اس کو سن لیا جس نے اس کی تعریف بیان کی۔''

5: اس کے بعد یہ دعا پڑھیں:

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيْهِ.

''اے ہمارے رب! تمام تعریفات تیرے لیے ہیں، ایسی تعریف کہ جو بہت زیادہ ہو، پاکیزہ ہو، بابرکت ہو۔''

6: سجدے میں جاتے ہوئے اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہیں اور سجدے میں کم از کم تین مرتبہ یہ پڑھیں:

---

❶ سنن أبی داود: 775۔ سنن الترمذی: 242۔ سنن النسائی: 900۔سنن ابن ماجہ: 804.

❷ سنن أبی داود: 886 ۔ سنن الترمذی: 261۔ سنن ابن ماجہ: 888.

❸ صحیح البخاری: 795.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى.❶

''میرا رب نہایت پاک ہے، سب سے بلند۔''

❼: سجدے سے سر اٹھاتے ہوئے اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہیں اور یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ.❷

''اے اللہ! میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم کر، مجھے ہدایت دے، مجھے عافیت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔''

❽: اس کے بعد اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے دوسرا سجدہ کریں اور کم از کم تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى پڑھیں۔

❾: سجدے سے سر اٹھاتے ہوئے اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہیں۔ باقی رکعات میں بھی یہی دعائیں پڑھیں۔ تشہد میں بیٹھ کر یہ دعائیں پڑھیں:

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ.❸

''تمام طرح کی قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں۔ اے نبی! آپ پر سلامتی ہو، اللہ کی رحمت اور برکات ہوں، ہم پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ محمد (ﷺ) اس کے بندے اور رسول ہیں۔''

---

❶ سنن أبي داود: 886۔ سنن الترمذي: 261۔ سنن ابن ماجه: 888.

❷ صحيح مسلم: 2697.

❸ صحيح البخاري: 1202۔ صحيح مسلم: 402.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ. ❶

''اے اللہ! محمد (ﷺ) اور آلِ محمد پر رحمتیں نازل فرما، جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور آلِ ابراہیم پر رحمتوں کا نزول فرمایا ہے، یقیناً تو ہی قابلِ تعریف اور لائق تمجید ہے۔ اے اللہ! محمد (ﷺ) اور آلِ محمد پر برکات نازل فرما، جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور آلِ ابراہیم پر برکات کا نزول فرمایا ہے، یقیناً تو ہی ستائش و بزرگی کا سزاوار ہے۔''

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ. ❷

''اے اللہ! یقیناً میں جہنم کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ. ❸

''اے اللہ! بلاشبہ میں عذابِ قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں، زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے اللہ! میں گناہ اور قرض سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

اَللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَثِيرًا وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ

❶ صحيح البخاري: 3370. ❷ صحيح مسلم: 588.

❸ صحيح البخاري: 832. صحيح مسلم: 589.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ. ❶

''اے اللہ! یقیناً میں نے اپنے آپ پر بہت زیادہ ظلم کیا ہے اور گناہوں کو تیرے سوا کوئی نہیں بخش سکتا، لہٰذا تو مجھے اپنی جناب سے خاص مغفرت کے ساتھ بخش دے اور مجھ پر رحم فرما، یقیناً تو بہت بخشنے والا، بڑا رحم فرمانے والا ہے۔''

⑩: اس کے بعد دائیں اور بائیں طرف سلام پھیر دیں۔

11 نماز کے بعد مسنون اذکار

①: اَللّٰهُ اَكْبَرُ. ❷

''اللہ سب سے بڑا ہے۔''

②: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ.

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ. ❸

''میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں، میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں، میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں۔ اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی (کی توقع) ہے، اے جلال وعزت والے! تو بڑا بابرکت ہے۔''

③: اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. ❹

''اے اللہ! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر و شکر اور تیری اچھی طرح عبادت کر سکوں۔''

---

❶ صحیح البخاری: 834۔ صحیح مسلم: 2705۔

❷ صحیح البخاری: 842۔ ❸ صحیح مسلم: 591۔

❹ السنن الکبری للنسائی: 9857۔

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

4: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! جو تو عطا کردے؛ اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جسے تو روک لے؛ اسے کوئی عطا نہیں کر سکتا، اور کسی شان و مقام والے کی شان و مقام تجھ سے بچانے میں (اسے) چنداں فائدہ نہیں دے سکتی۔"

5: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ. [1]

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔ کسی برائی سے بچنے کی طاقت اور کسی بھلائی کے حصول کی قوت اللہ کی توفیق کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں۔ ہر طرح کی نعمت اور سارا فضل و کرم اسی کا ہے اور ساری اچھی تعریف بھی اسی کے شایان ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، ہم اسی کے لیے دین میں اخلاص رکھنے

[1] صحیح مسلم: 594.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

والے ہیں، اگرچہ کافر لوگ اس کو ناپسند ہی کریں۔"

6: 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، 33 مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور ایک مرتبہ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ[1]

7: سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ۔

8: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھتا ہے، اسے موت کے سوا اور کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روک سکتی۔"[2]

12 سجدۂ تلاوت کی دعا

سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ.[3]

"میرے چہرے نے اس ذات کو سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا اور اپنی طاقت و قوت کے ساتھ اس کے کان اور آنکھیں بنائیں، اللہ تعالیٰ بڑی برکت والا (اور) سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے۔"

13 دُعائے قنوت [وِتر کی دُعا]

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّمَا قَضَيْتَ،

---

1 صحيح مسلم: 597.

2 السنن الكبرى للنسائي: 9928 ـ المعجم الأوسط للطبراني: 8068.

3 سنن أبي داود: 1414 ـ المستدرك للحاكم: 802.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ. ❶

"اے اللہ! جن لوگوں کو تو نے ہدایت دی ان میں مجھے بھی (شامل کر کے) ہدایت دے اور جن کو تو نے معافی دی ہے مجھے بھی ان میں (شامل کر کے) معافی دے اور جن کی تو نے ذمہ داری لی ہے، ان میں میرا بھی ذمہ دار بن جا۔ اور جو تو نے مجھے عطا کیا ہے اس میں برکت ڈال دے، اور جو تو نے فیصلہ کر رکھا ہے اس کی تکلیف سے مجھے بچا۔ یقیناً تو ہی فیصلہ کرتا ہے اور تیرے (فیصلے کے) خلاف فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ جس سے تو دوستی لگا لے وہ ذلیل نہیں ہوتا اور جس سے تو عداوت کر لے وہ عزت نہیں پاتا۔ اے ہمارے رب! تو برکت والا بلند و بالا ہے۔"

14 وتر پڑھنے کے بعد کی دعا

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ. (تین بار)

"پاک ہے بادشاہ بہت زیادہ پاکیزگی والا۔"

رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ. (ایک بار) ❷

"(پاک ہے) فرشتوں اور روح کا رب۔"

15 استخارہ کی نماز اور دُعا

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمام معاملات میں استخارہ کرنے کی یوں تعلیم دیا کرتے تھے جیسے ہمیں قرآن کی کوئی سورت سکھاتے ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

---

❶ سنن أبي داود: 1425 ـ سنن النسائي: 1746.

❷ سنن أبي داود: 1430 ـ سنن النسائي: 1733.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فرماتے: جب تم نے کوئی اہم کام کرنا ہو تو فرض نماز کے علاوہ دو رکعت نماز ادا کریں اور پھر یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلاَ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلاَ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ، وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ.❶

''اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے خیر و بھلائی طلب کرتا ہوں، تیری قدرت کے بدولت میں تجھ سے قدرت کا طلبگار ہوں اور میں تجھ سے تیرے فضلِ عظیم کا سوال کرتا ہوں، کیونکہ یقیناً تو قدرت رکھتا ہے اور میرے پاس قدرت نہیں ہے اور تو جانتا ہے اور مجھے علم نہیں ہے، تو غیب کی باتوں کا بخوبی علم رکھتا ہے۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لیے میرے دِین، میری زندگی اور میرے اُخروی انجام کے لحاظ سے بہتر ہے تو اسے میری قدرت میں کر دے اور اسے میرے لیے آسان کر دے، پھر میرے لیے اس میں برکت فرما دے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لیے میرے دِین، میری زندگی اور میرے اُخروی انجام کے اعتبار سے بُرا ہے تو اسے مجھ سے پھیر دے اور مجھے اس سے پھیر دے اور جس کام میں بھی خیر و بھلائی ہے؛ اسے میرے مقدر میں کر دے، پھر مجھے اس پر راضی کر دے۔''

❶ صحیح البخاری: 1162.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

16 کپڑے پہننے اور اتارنے کی دعا

کپڑے پہنتے وقت یہ دعا پڑھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے کپڑے پہنتے وقت یہ دعا پڑھی تو اس کے بھی گزشتہ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ. ❶

''تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری کوشش و قوت کے بغیر مجھے یہ عنایت فرمایا۔''

اور کپڑے اتارتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ پڑھیں۔ ❷

17 نیا کپڑا پہننے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ، اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ. ❸

''اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں، تو نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی برائی اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی برائی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

18 کھانا کھانے کی دعائیں

❶: کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھیں اور اگر بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنا بھول جائیں تو یہ پڑھیں:

---

❶ سنن أبي داود: 4023. ❷ صحيح الجامع: 3610.

❸ سنن أبي داود: 4020 ۔ سنن الترمذي: 1767.

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2: بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ اَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ. ❶

''اللہ کے نام کے ساتھ (کھاتا ہوں) اس کے شروع میں اور اس کے آخر میں۔''

3: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھی؛ تو اس کے گزشتہ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ. ❷

''تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور بغیر کسی کوشش و قوت کے اسے میرا رزق بنا دیا۔''

19 کھانا کھلانے والے کے لیے دعا

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَآئِكَةُ. ❸

''روزے دار تمہارے پاس افطاری کریں، نیک لوگ تمہارا کھانا کھائیں اور فرشتے تمہارے حق میں رحمت کی دعائیں کرتے رہیں۔''

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ. ❹

''اے اللہ! جو رزق تو نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں ان کے لیے برکت ڈال دے، ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما۔''

---

❶ سنن الترمذي: 1857.

❷ سنن أبي داود: 4023.

❸ سنن أبي داود: 3853.

❹ صحيح مسلم: 2055، 2042.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

20 دُودھ پینے کی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ. ❶

"اے اللہ! ہمارے لیے اس (دودھ) میں برکت فرما اور ہمیں اس سے بھی زیادہ دے۔"

21 بازار میں داخل ہونے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص بازار میں داخل ہوتے وقت یہ کلمات پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے، دس لاکھ گناہ معاف کر دیتا ہے اور اس کے لیے جنت میں ایک گھر تعمیر کر دیتا ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. ❷

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لائق تمام تعریفیں ہیں، وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے، اسے موت نہیں آئے گی، اسی کے ہاتھ میں خیر و بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔"

22 شادی کرنے والے کے لیے دعا

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ. ❸

"اللہ تعالیٰ تیرے لیے برکت نازل کرے اور تجھ پر برکت نازل کرے اور تم

❶ سنن الترمذی: 3455 ۔ سنن ابن ماجہ: 3322.

❷ سنن الترمذی: 3428 ۔ سنن ابن ماجہ: 2235.

❸ سنن أبی داود: 2130.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دونوں کو نیکی اور بھلائی میں اکٹھا کرے۔''

23 مجلس سے اُٹھتے وقت کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص مجلس سے اُٹھنے لگے تو یہ دعا پڑھ لے، اس سے اس مجلس میں ہونے والی لغزشیں معاف کردی جائیں گی:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ.❶

''اے اللہ! تو نہایت پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔''

24 سفر کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ.❷

''اللہ کے نام کے ساتھ، تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں، نہایت پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے تابع کردیا، حالانکہ ہم اسے قابو میں لانے والے نہ تھے، اور بلاشبہ ہم نے اپنے رب کی طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔''

25 مسافر کو الوداع کرتے وقت کی دعا

أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ.❸

---

❶ سنن أبی داود: 4859 ـ سنن الترمذی: 3433.

❷ سنن أبی داود: 2602 ـ سنن الترمذی: 3446.

❸ سنن الترمذی: 3442 ـ سنن ابن ماجہ: 2826.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''میں تمہارا دین، تمہاری امانت اور تمہارے عمل کے نتائج کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔''

26 نقصان اور مصیبت کے وقت پڑھنے کی دعا

إِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلُفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا. ❶

''یقیناً ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور بلا شبہ ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔
اے اللہ! مجھے میری مصیبت کا اجر عطا فرما اور مجھے اس کا نعم البدل عطا فرما۔''

27 مصیبت اور تکلیف میں مبتلا کو دیکھ کر دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص آزمائش (مرض، تکلیف، مصیبت یا معذوری) میں مبتلا شخص کو دیکھ کر یہ دعا پڑھ لے تو جب تک وہ زندہ رہے گا تب تک اس آزمائش سے محفوظ رہے گا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا. ❷

''تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس (آزمائش) سے بچا کر رکھا جس میں اس نے تجھے مبتلا کیا ہے اور اس نے مجھے اپنی مخلوق میں سے بہت سے لوگوں پر فضیلت عطا فرمائی۔''

28 مریض کی عیادت کے وقت کی دعا

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ. ❸

❶ صحيح مسلم: 2126.
❷ سنن الترمذي: 3431.
❸ صحيح البخاري: 5656.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

”گھبرانے کی ضرورت نہیں، اگر اللہ نے چاہا تو یہ بیماری گناہوں سے پاکیزگی کا ذریعہ بن جائے گی۔“

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی مسلمان کسی ایسے مریض کی عیادت کرے اور اس کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے، تو اسے اس مرض سے شفا دے دی جاتی ہے:

أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ. ❶

”میں بڑی عظمت والے اللہ سے: جو عرشِ عظیم کا رب ہے، سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا دے دے۔“

29 نمازِ جنازہ کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَ شَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَ ذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ. ❷

”اے اللہ! ہمارے زندہ ومردہ، حاضر وغیر حاضر، چھوٹے بڑے اور مرد وعورت (تمام) کی مغفرت فرما دے۔ اے اللہ! تو ہم میں سے جسے بھی زندہ رکھے اسلام پر زندہ رکھنا اور ہم میں سے جسے بھی موت دے ایمان پر موت دینا۔ اے اللہ! تو ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کرنا اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کرنا۔“

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَ اغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا

❶ سنن أبي داود: 3106 ۔ سنن الترمذي: 2083.

❷ سنن ابن ماجه: 1498.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ، وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ. ❶

”اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم کر، اسے عافیت دے اور اس سے درگزر فرما، اس کی اچھی مہمانی کر اور اس کی قبر کو کشادہ کر دے۔ اسے پانی، برف اور اولوں کے ساتھ دھو دے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے۔ اسے اس کے (دُنیوی) گھر سے بہتر گھر عنایت فرما، اس کے اہل سے بہتر اہل نصیب فرما اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی اسے عنایت فرما، اس کو جنت میں داخل فرما اور اس کو قبر کے عذاب اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔“

30 تعزیت کی دعا

اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ. ❷

”بلاشبہ اللہ ہی کا تھا جو اس نے لے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے ہمیں عطا کیا اور اس کے پاس ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے، اس لیے تم صبر کرو اور ثواب کی اُمید رکھو۔“

31 قبرستان میں داخل ہونے کی دعا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا

❶ صحيح مسلم: 963.

❷ صحيح البخاري: 1248 ـ صحيح مسلم: ٩٢٣.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُونَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ.❶

''اے ان گھروں (قبروں) والے مومنو اور مسلمانو! تم پر سلامتی ہو اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں، اللہ تعالیٰ ہم میں سے پہلے جانے والوں اور بعد میں جانے والوں پر اللہ رحم فرمائے۔ ہم اپنے لیے اور تمہارے لیے اللہ سے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔''

32 پریشانی سے نجات کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ.❷

''اے اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر اور غم سے، بے بسی سے، سستی سے، بخیلی اور بزدلی سے، قرض کے چڑھ جانے اور لوگوں کے غالب آ جانے سے۔''

33 گھبراہٹ اور بے چینی سے نجات کی دُعائیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ.❸

''اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، جو عظمت والا بردبار ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، جو عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے

❶ صحیح مسلم: 974. ❷ صحیح البخاری: 6369.
❸ صحیح البخاری: 6346.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لائق نہیں، جو آسمانوں اور زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے۔"

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. ❶

"اے اللہ! تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ تو پاک ہے، بے شک میں ظالموں میں سے ہوں۔"

اَللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا. ❷

"اللہ، اللہ میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔"

34 کسی کے خوف سے نجات پانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ. ❸

"اے اللہ! ہم تجھے ہی ان (دشمنوں) کے مقابلے میں رکھتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری ہی پناہ میں آتے ہیں۔"

35 قرض سے نجات پانے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر تم پر اُحد پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو تو اللہ تعالیٰ ان کلمات کی برکت سے تمہارے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا فرما دے گا:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ. ❹

"اے اللہ! مجھے اپنا حلال رزق عطا فرما کے حرام رزق سے بچائے رکھ اور مجھے اپنا

❶ سنن الترمذی: 3505.

❷ سنن أبی داود: 1525 ۔ سنن ابن ماجه: 3882.

❸ سنن أبی داود: 1537.

❹ سنن الترمذی: 3563.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فضل وکرم عطا کر کے اپنے سوا (ہر چیز) سے بے نیاز کر دے۔"

36 سخت مشکل سے نجات پانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَّأَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا. ❶

"اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان بنا دے اور تو غم کو جب چاہتا ہے آسان بنا دیتا ہے۔"

37 جسمانی درد سے آرام پانے کی دُعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس آدمی کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد اور تکلیف ہو وہ اپنا ہاتھ اس درد والی جگہ پر رکھے اور تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھے، پھر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ. ❷

"میں اللہ تعالیٰ سے اور اس کی قدرت کی پناہ میں آتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں محسوس کرتا ہوں اور جس کا مجھے خوف ہے۔"

38 اچھی اور بری صورتِ حال پر دُعا

رسول اللہ ﷺ کو جب کوئی اچھی چیز (یا اچھی صورتِ حال) دِکھائی دیتی تو فرماتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ.

"تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جس کے فضل و انعام سے نیک کام (مقاصد) پورے ہوتے ہیں۔"

اور جب آپ ﷺ کو بری چیز (یا بری صورتِ حال) سامنے آتی تو فرماتے:

❶ صحیح ابن حبان: 1974. ❷ صحیح مسلم: 2202.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ. ❶

''ہر حالت میں اللہ تعالیٰ ہی کی تعریف ہے۔''

39 شیطان سے محفوظ رہنے کی دعا

جو شخص ایک سو مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیتا ہے وہ سارا دن شیطان سے محفوظ رہتا ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ. ❷

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لائق تمام تعریفیں ہیں، اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔''

40 بچوں کو ہر نقصان سے محفوظ رکھنے کی دعا

نبی کریم ﷺ سیدنا حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات کے ساتھ اللہ کی پناہ میں دیا کرتے تھے:

أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ. ❸

''میں تم دونوں کو ہر شیطان، موذی جانور اور ہر نظر بد سے اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ میں دیتا ہوں۔''

---

❶ سنن ابن ماجه: 3803.

❷ صحيح البخاری: 3293.

❸ صحيح البخاری: 3371.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

41 گدھے اور مرغ کی آواز سن کر دعا

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم گدھے کے ہنہنانے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو، کیونکہ اس وقت اس نے شیطان کو دیکھا ہوتا ہے، چنانچہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھو۔

اور جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگو، کیونکہ اس وقت اس نے فرشتے کو دیکھا ہوتا ہے، چنانچہ یہ کلمات پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ.❶

"اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔"

42 چھینک کی دعائیں

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

"تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔"

یہ کلمات سننے والا کہے:

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ.

"اللہ تجھ پر رحم کرے۔"

اس کے بعد پھر چھینکنے والا یہ کلمات کہے:

يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.❷

"اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست کرے۔"

---

❶ صحيح البخاري: 3303 ـ صحيح مسلم: 6920.

❷ سنن أبي داود: 5038.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

43 آندھی چلتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ.❶

''اے اللہ! میں تجھ سے اس ہوا کی خیر و بھلائی، جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر و بھلائی اور جس مقصد کے لیے اسے بھیجا گیا اس کی خیر و بھلائی مانگتا ہوں، اور میں تجھ سے اس کے شر سے، جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے اور جس مقصد کے لیے اسے بھیجا گیا اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

44 حصولِ بارش کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا.❷

''اے اللہ! ہمیں بارش عطا فرما، اے اللہ! ہمیں بارش عطا فرما، اے اللہ! ہمیں بارش عطا فرما۔''

45 طوفانی بارش آنے پر دعا

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ.❸

''اے اللہ! ہمارے اطراف میں بارش برسا، ہم پر نہ برسا، اے اللہ! ٹیلوں، پہاڑوں اور وادیوں پر اور درخت (فصلیں) اُگنے کی جگہوں میں بارش برسا۔''

❶ صحیح مسلم: 899.
❷ صحیح البخاری: 1014.
❸ صحیح البخاری: 1013.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

46 چاند دیکھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ. ❶

''اے اللہ! اس چاند کو ہم پر امن و ایمان اور سلامتی و اسلام کے ساتھ طلوع فرما۔ (اے چاند!) میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہی ہے۔''

47 روزہ افطار کرنے کی دعا

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. ❷

''پیاس چلی گئی، رگیں تر ہو گئیں اور ان شاء اللہ اجر پکا ہو گیا۔''

48 سونے کی دعائیں

❶: اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾

''اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والی اور تھامے رکھنے والی ذات ہے، نہ تو اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، اسی کی ملکیت میں ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے ہاں

❶ سنن الترمذی: 3451. ❷ سنن أبی داود: 2357.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

سفارش کر سکے؟ وہ جو ان (لوگوں) کے آگے اور پیچھے ہے سب جانتا ہے اور وہ (لوگ) اس کے علم میں سے کسی ایک شے کا بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر پھیلی ہوئی ہے، اسے ان دونوں (یعنی آسمان و زمین) کی حفاظت تھکاوٹ میں نہیں ڈالتی، اور وہ بلند و عظمت والا ہے۔"

2. اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوتُ وَاَحْيَا. [1]

"اے اللہ! میں تیرے نام سے مرتا (سوتا) ہوں اور زندہ (بیدار) ہوں گا۔"

3. بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ اَرْفَعُهُ فَاِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ. [2]

"اے میرے رب! تیرے نام کے ساتھ میں نے اپنا پہلو (بستر پر) رکھا اور تیرے نام کے ساتھ ہی اسے اُٹھاؤں گا، اگر تو نے اسے (میری جان کو) روک لیا (یعنی اگر میری رُوح قبض کر لی) تو اس پر رحم کرنا اور اگر تو نے اسے چھوڑ دیا (یعنی زندگی بخشے رکھی) تو اس کی اسی طرح حفاظت فرمانا جس طرح تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرماتا ہے۔"

49 صبح و شام کے اذکار

1: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت آیت الکرسی پڑھتا ہے وہ شام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور جو شام کے وقت پڑھتا ہے وہ صبح تک شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ [3]

---

1 صحیح البخاری: 6324۔ 2 صحیح البخاری: 5961 ۔ صحیح مسلم: 2714.

3 صحیح الترغیب والترھیب: 662.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص آخری تین قل (سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کے وقت پڑھتا ہے، یہ عمل اسے ہر چیز سے کافی ہو جاتا ہے۔ [1]

3: صبح کے وقت یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ وَاِلَيْكَ النُّشُورُ.

"اے اللہ! ہم نے تیری ہی توفیق سے صبح کی اور تیری توفیق سے ہی شام کریں گے، تیرے نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے نام کے ساتھ ہی ہم مریں گے، اور تیری طرف ہی اُٹھ کر جانا ہے۔"

اور شام کے وقت یہ پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيرُ. [2]

"اے اللہ! ہم نے تیری ہی توفیق سے شام کی اور تیری توفیق سے ہی صبح کی، تیرے نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے نام کے ساتھ ہی ہم مریں گے، اور تیری طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔"

4: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے یقین کے ساتھ یہ دعا دن کے وقت پڑھی اور اسی دن شام ہونے سے پہلے فوت ہو گیا تو وہ جنتی ہے اور جس نے یقین کے ساتھ رات کے وقت پڑھی، پھر صبح ہونے سے پہلے فوت ہو گیا تو وہ بھی جنتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِي وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى

[1] سنن أبي داود: 5082.

[2] سنن الترمذي: 3391.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ. ❶

"اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں، تیرے عہد پر ہوں اور تیرے وعدے پر ہوں جتنی مجھ میں استطاعت ہے، میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس برائی سے جو میں نے کی، میں تیرے لیے تیری ان نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی ہیں اور میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، سو تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی بخش نہیں سکتا۔"

❺: اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي، اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي، اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. (صبح وشام تین تین مرتبہ) ❷

"اے اللہ! مجھے میرے بدن میں آرام دے۔ اے اللہ! میرے کانوں کو سلامت رکھ۔ اے اللہ! میری نظر کو ٹھیک رکھ۔ اے اللہ! یقیناً میں کفر اور فقر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور میں عذابِ قبر سے بھی تیری پناہ میں آتا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔"

❻: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے تو اسے شام تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور جو شخص شام کے وقت تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لے تو صبح تک وہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا:

---

❶ صحيح البخاري: 6306.

❷ سنن أبي داود: 5090.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ.❶

''اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کہ جس کے نام سے کوئی بھی چیز، چاہے وہ زمین میں ہو یا آسمان میں؛ نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہ سننے والا علم رکھنے والا ہے۔''

❼: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح و شام تین تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہو جاتا ہے کہ روزِ قیامت اس کو راضی کرے:

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا.❷

''میں اس بات پر راضی ہوں کہ اللہ میرا رب ہے، اسلام میرا دین ہے اور محمد ﷺ میرے نبی ہیں۔''

❽: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ، أَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِي إِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ.❸

''اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور قائم رکھنے والے! میں تیری رحمت سے فریاد کرتا ہوں، میرا ہر کام درست کر دے اور مجھے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے سپرد نہ کرنا''

❾: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ. (صبح کے وقت تین مرتبہ)❹

''اللہ تعالیٰ نہایت پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ، اس قدر جتنی کہ اس کی مخلوق ہے، اتنی کہ جس سے وہ راضی ہو جائے، اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اس قدر

❶ سنن أبي داود: 5088۔ سنن الترمذي: 3388.

❷ مسند أحمد: 18967. ❸ صحيح الترغيب والترهيب: 661.

❹ صحيح مسلم: 2726.

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

کہ جتنی اس کے کلمات کی سیاہی ہے۔"

10: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ عِلْماً نَافِعاً وَرِزْقاً طَيِّباً وَعَمَلاً مُتَقَبَّلاً. (صبح کے وقت) ❶

"اے اللہ! یقیناً میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔"

11: اَسْتَغْفِرُ اللهَ وَ اَتُوبُ اِلَيْهِ (ایک دن میں سو مرتبہ) ❷

"میں اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگتا ہوں اور اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔"

12: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (شام کے وقت تین مرتبہ) ❸

"میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں (ہر) اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔"

13: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت دس مرتبہ اور شام کے وقت دس مرتبہ مجھ پر درود پڑھتا ہے، روزِ قیامت اسے میری شفاعت نصیب ہوگی۔ ❹

50 بے حساب اجر و ثواب والے اذکار

❁:...... رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ کلمات پڑھے گا تو جنت کے آٹھ دروازوں میں سے جس سے بھی وہ چاہے گا اللہ تعالیٰ اسی سے اس کو جنت میں داخل فرمادے گا:

اَشْهَدُ اَن لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُولُهٗ وَاَنَّ عِيسٰى عَبْدُ اللهِ وَابْنُ اَمَتِهٖ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِنْهُ وَاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَّ اَنَّ النَّارَ حَقٌّ. ❺

❶ سنن ابن ماجه: 925 ـ مسند أحمد: 26602.

❷ صحيح البخارى: 6307 ـ صحيح مسلم: 2702.

❸ صحيح مسلم: 2709. ❹ صحيح الجامع الصغير: 6357.

❺ صحيح مسلم: 28.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❊:...... رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: جس نے ایک دن میں سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھا، اس کے تمام گناہ ختم کر دیے جاتے ہیں، اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی ہوں۔ ❶

❊:...... نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھا، اس کے لیے جنت میں ایک کھجور کا درخت لگا دیا جاتا ہے۔ ❷

❊:...... رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ جنت کا خزانہ ہے۔ ❸

❊:......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مغرب کے بعد دس مرتبہ یہ پڑھے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے (فرشتوں کا) لشکر بھیج دیتا ہے جو صبح تک شیطان سے اس کی حفاظت کرتے رہتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں (جنت کو) واجب کرنے والی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اور اس کے دس ہلاک کر دینے والے گناہوں کو مٹا دیتا ہے، نیز اسے دس مومن غلاموں کو آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔ ❹

❊:...... نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: جو شخص ایک دن میں سو مرتبہ یہ کلمات پڑھتا ہے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

تو اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے، اس کے نامہ اعمال میں ایک سو نیکیاں لکھ دی

---

❶ صحیح البخاری: 6405۔ صحیح مسلم: 2691.

❷ سنن الترمذی: 3464. ❸ صحیح البخاری: 6952۔ صحیح مسلم: 2704.

❹ سنن الترمذی: 3534.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جاتی ہیں، اس کے ایک سو گناہ مٹا دیے جاتے ہیں، اس دِن شام تک وہ شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور اس سے افضل عمل کوئی نہیں کر پاتا، سوائے اس کے جو اس سے زیادہ مرتبہ یہ کلمات پڑھ لے۔ ❶

❁ :...... رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص روزانہ 100 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ پڑھتا ہے؛ اس کے نامہ اعمال میں ایک ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور ایک ہزار گناہ معاف کر دِیے جاتے ہیں۔ ❷

❁ :...... رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے زیادہ فضیلت والا ذِکر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے اور سب سے زیادہ فضیلت والی دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ہے۔ ❸

❁ :...... رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ میزانِ عمل کو (نیکیوں سے) بھر دیتا ہے اور سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ زمین و آسمان کے درمیان جتنا بھی خلا ہے؛ اس سارے کو (نیکیوں سے) بھر دیتے ہیں۔ ❹

❁ :...... اور آپ ﷺ نے فرمایا: سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھا کرو؛ ان میں سے ہر ایک کے بدلے میں تمہارے لیے جنت میں ایک ایک درخت لگا دیا جائے گا۔ ❺

❁ :...... نبی ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر (پڑھنے کے لحاظ سے) تو بہت ہلکے ہیں لیکن میزان میں (اجر وثواب کے اعتبار سے) بہت وزنی ہیں، اور وہ دونوں رحمان کے ہاں بہت ہی پسندیدہ کلمے ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ. ❻

---

❶ صحیح البخاری: 3293 ۔ صحیح مسلم: 2691.

❷ صحیح مسلم: 2698.
❸ صحیح الجامع: 1104.

❹ صحیح مسلم: 223.
❺ سنن ابن ماجه: 3807.

❻ صحیح البخاری: 646۔صحیح مسلم: 2694.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❋ :...... نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۃ الکہف کی پہلی دس آیات حفظ کرلیں اسے دجال کے فتنے سے بچالیا جائے گا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ سورۃ الکہف کی آخری آیات۔ ❶

❋ :...... رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سورۃ الملک عذابِ قبر سے بچانے والی ہے۔ ❷

یعنی جو شخص اس سورت کو یاد کرلے یا کثرت سے اس کی تلاوت کرتا ہو؛ وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔

❋ :...... رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سورۃ الاخلاص (اجر و ثواب کے لحاظ سے) ایک تہائی قرآن کے برابر ہے اور سورۃ الکافرون ایک چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ ❸

یعنی سورۃ الاخلاص کو تین مرتبہ پڑھنے سے اور سورۃ الکافرون کو چار بار پڑھنے سے مکمل قرآن کی تلاوت کا ثواب ملتا ہے۔

❋ :...... اسی طرح آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے دس مرتبہ مکمل سورۃ اخلاص پڑھی اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں محل بنا دیتا ہے۔ ❹

---

❶ صحيح مسلم: 809. ❷ سلسلة الأحاديث الصحيحة: 1140.

❸ صحيح مسلم: 811. ❹ سلسلة الأحاديث الصحيحة: 589.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

زیرِ نظر کتاب حافظ فیض اللہ ناصر صاحب کے رشحاتِ فکر کا نتیجہ ہے۔ آپ پر خدا کی عنایات بے پناہ ہیں جس کے باعث بے حد مفید کتب آپ کے خانہ علم سے ترجمہ و تالیف کے قالب میں ڈھل کر دادِ تحسین وصول کر چکی ہیں۔ اس کتاب میں آپ کا ہدفِ تحریر وہ بچے ہیں جو صرف ناظرہ قرآن یا حفظ قرآن کے بعد اپنی دینی تعلیم ختم کر دیتے ہیں؛ کہ ان کے اندر کس طرح صالحیت اور حقیقی عبدیت کی رُوح پھونکی جائے۔ مؤلف نے احادیث مبارکہ کا ایک خوب صورت گلدستہ اس اعتبار سے ترتیب دیا ہے کہ بچے کے سامنے انتہائی سادے انداز میں اسلام کی اجمالی تصویر اُبھر آئے اور ساتھ ساتھ مسنون دعاؤں کا بھی اہتمام کیا ہے کہ بچہ بہ موقع مناجات کے ذریعے پروردگار کے حضور ثبوتِ بندگی دیتا رہے۔ اس مجموعہ احادیث میں یہ لحاظ بہت اہمیت کا حامل ہے کہ احادیث انتہائی مختصر اور الفاظ بے حد معنی خیز ہیں۔ احقر نے جس مقام سے بھی کتاب کو دیکھا ہے اور حسبِ موقع جس روایت کی توقع کی ہے؛ وہ اس میں ضرور ملی ہے۔ یہ مؤلف کی دیدہ ریزی کا بیّن ثبوت ہے۔ لہٰذا تمام ذِمہ دارانِ مکاتب و مدارس سے میری درخواست ہے کہ اس کتاب کو ناظرہ و حفظ کے نصاب میں فوراً شامل کر لیا جائے، تاکہ ہمارے بچے تعلیمِ قرآن کی مبارک نعمت کے ساتھ ساتھ دینِ متین کی خوب صورتیوں کا بھی مطالعہ کریں اور انہیں حرزِ جاں بنا سکیں۔

بابائے قراءت، اُستاذ القراء

قاری محمد یحییٰ رسول نگریؒ

دار المصنفین
پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

G/F-6 بادیہ حلیمہ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0308-6222418 0300-4262092
Facebook/Dar-ul-Musannifeen
darulmusannifeen@gmail.com

1234567893